اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

حج سنتوں بھرے اجتماع کا اعلان

پیاری اسلامی بہنو! اِنْ شَآءَ اللہ الکریم !عنقریب بہت سی خوش نصیب اسلامی بہنوں کو حج کی سعادت نصیب ہو گی اور وہ اُن مقدس مقامات کی زیارت کا شرف حاصل کریں گی، جہاں بخشش و مغفرت کی خیرات نصیب ہوتی ہے۔ چنانچہ وہ اسلامی بہنیں جنہیں اِس مرتبہ حج کی سعادت نصیب ہو رہی ہے اُن کے لئے خوشخبری ہے کہ دعوت اسلامی جو کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ زندگی کے ہر شعبے میں ہماری رہنمائی کر رہی ہے چنانچہ ارکانِ حج کی دُرست ادائیگی کے لیے اسلامی بہنوں کے لیے ہر سال کی طرح اس سال بھی کئی مقامات پر حج سنتوں بھرے اجتماع منعقد کر رہی ہے۔ آپ کی سہولت کے لیے اس مرتبہ مورخہ______، مقام ________________ بروز__________ /____________ تا___________ بجے حج اجتماع کا انعقاد کیا جارہا ہے۔

اس حج سنتوں بھرے اجتماع کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں حج وعمرہ کا مختصر طریقہ، حاضری مدینہ کے آداب اور وہاں پر اپنے قیمتی لمحات کو نیکیوں میں گزارنے کے متعلق مدنی پھول سیکھیں گے۔

حدیث پاک میں آتا ہے کہ "**علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد (عورت) پر فرض ہے**" (ص ۱۹ سنن ابن ماجہ ج ۱ ص 146، حدیث 224) لہٰذا ہر مسلمان عاقل وبالغ مرد و عورت پر اس کی موجودہ حالت کے مطابق مسئلے سیکھنا فرضِ عین ہے جیسے صاحبِ استطاعت ہو تو مسائلِ حج سیکھنا فرض ہیں۔ لہٰذا مکۂ معظّمہ اور مدینۂ منورہ میں اپنے آپ کو گناہوں سے بچانے کے لئے اور حج کی صحیح ادائیگی کے لیے اس اجتماع میں نہ صرف خود وقت کی پابندی کے ساتھ آئیں بلکہ اپنے رشتے دار اور پڑوسیوں میں سے بھی جو حج کی سعادت حاصل کرنے والی ہیں۔ اِنہیں ضرور شرکت کی دعوت دیں تاکہ زیادہ سے زیادہ عازمینِ مدینہ اس خصوصی حج سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کرکے اپنی اصلاح کر سکیں۔

اے زائرِ طیبہ یہ دُعا کر میرے حق میں — **مجھ کو بھی بُلاوا ملے دربارِ نبی** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم **سے**

(وسائل بخشش)

اللہ پاک ہم سب کو شریعت کے مطابق باادب باذوق حاضری نصیب فرمائے۔ ہماری اس حاضری کو اپنی بارگاہ میں مقبول فرمائے (اٰمِیْن بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم)

مدنی پھول : ▪اعلان کرنے والی اسلامی بہن اپنی ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) کے حج سنتوں بھرے حج اجتماع کے مقام، وقت، دن و تاریخ پُر کر کے اعلان کرے۔